چھوٹا گلہ کی خدمت

آپ تمام عزیزوں کو میری طرف سے خداوند یسوع مسیح کے عظیم نام میں سلام! میری آج کی یہ تحریر معمول سے ہٹ کر ہے آج میں وہ کچھ آپ کے لئے تحریر کر رہی ہوں جو کچھ میرے دل میں ہے اور ہمیشہ سے رہے گا۔ میں پچھلے سات سال سے آپ کے لیے لکھ رہی ہوں۔ جب چھوٹا گلہ نے مجھے لکھنے کی دعوت دی تھی تو میں ہسپتال میں تھی بدنی طور پر بھی ٹوٹ پھوٹ کا شکار تھی اور روحانی اعتبار سے بھی اکیلے پن کا شکار تھی۔ میں خداوند اپنے نجات دہندہ کی شکر گذار ہوں کہ اُس نے مجھے اُس آزمائش سے نکالا اور سُرخرو کیا، اور میں شاد ہوں کہ چھوٹا گلہ کے لیے کچھ کر سکی گذشتہ دو سالوں سے ضعیفی نے میری زندگی بدنی طور پر کافی مشکل کر رکھی ہے بہت سے مسائل کا سامنا ہے، میرے پھیپھڑوں کمزور ہیں اور مجھے سانس لینے میں انتہائی مشکل ہوتی ہے میں شکر گذار ہوں کہ میرے پاس آکسیجن لینے کے بیرونی وسائل ہیں اور میں اچھے سے سانس لے سکتی ہوں۔ خدا میرا مددگار رہا ہے اور رہے گا۔

اور ابھی دس دن پہلے ڈاکٹر نے مجھے بتایا کہ مجھے کووڈ ۱۹ ہو گیا ہے اور اُسی رات میں اپنے کمرے میں گر گئی جس کی وجہ سے میرے کندھے کی ہڈی ٹوٹ گئی۔ سرجری ہوئی اور اب وہ بہتر ہو رہا ہے کچھ دن پہلے ڈاکٹروں کو یہ بھی پتہ چلا کہ میرے دل کی حالت بہتر نہیں ہے اس لیے دوائیاں شروع کی ہیں خداوند نے چاہا تو بہتر ہو جائے گا۔ میری صحت کے تعلق سے ایک اور مسلہ بھی ہوا ہے جس کی وجہ سے میں بہت پریشان رہتی ہوں۔ اب آپ یہ سوال کریں گے کہ میں یہ سب کچھ آپ کو کیوں بتا رہی ہوں۔ کیونکہ یہ سب کچھ منفی قسم کی تفصیلات ہیں خاص جب ہم خداوند یسوع مسیح کے نور کے ساتھ موازنہ کریں۔ اکثر لوگوں کا خیال ہوتا ہے کہ امیر ممالک جیسے امریکہ، کینڈا یا آسٹریلیا جیسے ممالک میں مسائل کم ہیں یا نا ہونے کے برابر ہیں یا زندگی ان جگہوں پر بہت زیادہ آسان ہے۔ بائبل مقدس میں ایمانداروں کو یسوع مسیح کا بدن کہا گیا ہے اور جب بدن کا ایک حصہ تکلیف میں ہو تو تمام بدن دُکھتا ہے۔ میرے کندھے میں ہمیشہ درد رہتی ہے لیکن جب میں اپنے کندھے کو ہلانے کی کوشش کروں تو درد اور بھی زیادہ محسوس ہوتی ہے۔ کیونکہ پھر وہی کندھے کی درد پورے بدن میں محسوس ہوتی ہے میں آپ کو یاد کروانا چاہتی ہوں کہ ہم یہاں آپ کے لیے دعا کرتے ہیں اور اب آپ کی ذمہ داری یہ ہے کہ آپ ہمارے لیے دعا کریں۔ پچھلے ۱۰ تکلیف دہ مہینوں کے بعد میں یقین سے کہتی ہوں کہ ہمارا خدا وفادار ہے مجھے کبھی ایسا محسوس نہیں ہوا کہ اُس نے مجھے ترک کر دیا ہے یا میں اکیلی ہوں۔ ہم خدا سے دعا میں سوال کر سکتے ہیں کہ اے خداوند یہ سب کچھ کیوں ہو رہا ہے اور تو کیوں ایسا ہونے دے رہا ہے۔ خدا نے مجھے مسالحہ جات کی مثال یاد دلائی، کہ یاد کروں کہ مسالحہ جات کی خوشبو اُس وقت تک نہیں آتی جب تک اُنہیں پیسا یا اُبالا نہ جائے۔ یاد رکھیں جب آپ کھٹن حالات میں سے گذر رہے ہوں حالات آپ کو دبا رہے ہوں، خاندان میں مسائل ہوں، بیماری ہو یا کوئی اور بدنی تکلیف ہو تو یاد رکھیں خدا آپ کو ایسے حالات میں جانے دے رہا ہے تاکہ آپ کے اندر سے مسیح کی خوشبو نکل کو آپ کے ارد گرد لے لوگوں تک پہنچے۔

کبھی کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ جب حالات ہمیں مروڑتے ہیں تو جو کچھ ہمارے اندر سے نکلتا ہے وہ میٹھا ہونے کی بجائے کڑوا ہوتا ہے ہوسکتا ہے ہم خدا پر غصہ ہوں اپنی بیماری پر غصہ ہوں یا پھر درد اور تکلیف نے ہمیں چڑ چڑا کر کے رکھ دیا ہو۔ لیکن یاد رکھیں درد کے اُس لمحے میں

خداوند یسوع مسیح ہم سے کلام کرتا ہے۔ وہ ہمیں اپنے وعدے یاد دلاتا ہے کہ میں تجھ سے دست بردار نہ ہوں گا اور میں تجھے کبھی نہ چھوڑوں گا۔ میرے مشکل حالات میں ہر صبح خدا میرے دل میں اپنے کلام کے حصے منور کر دیتا ہے اور گذرتے دن میں خدا میرے دل میں ایسے کلام کے حصے ڈال دیتا ہے جو میں نے پہلے کبھی نہیں سوچے تھے۔ یاد رکھیں کہ جب اس دنیا کے حالات کھٹن بن جائیں تو خداوند یسوع مسیح کے ساتھ ہونے کی حقیقت زیادہ نمایاں اور تختہ محسوس ہوتی ہے۔ یسوع ایسا دوست ہے جو بھائی سے زیادہ قریب ہے خداوند یسوع مسیح ہمارے ہر درد اور تکلیف جو نا صرف جانتا بلکہ سمجھتا بھی ہے۔ کیونکہ ایسے حالات میں ہمیں ہمارے نجات دہندہ کی صورت زیادہ واضع دکھائی دیتی ہے میں نے اپنے بچپن سے اب تک خدا کی آواز کو سُننے کا تجربہ کیا ہے خدا نے مجھے اچھے مسیحی اُساتذہ سے سیکھنے کا موقع فراہم کیا میں ان سب باتوں کے لیے خدا کی شکر گذار ہوں۔ یہی حالات تھے جن میں مجھے خداوند یسوع مسیح کو جاننے کی تمنا اور بھی زیادہ ہوئی، صرف دماغی علم کے لحاظ سے نہیں بلکہ اُسے شخصی طور پر جاننے کے لحاظ سے۔ اس کا بات قوی احساس کے وہ میرے ساتھ ہے۔ عزیزو، ہمیں دنیا کو دکھانا ہے کہ زندگی یسوع مسیح کے ساتھ مثبت اعتبار سے فرق ہے ہم اس دنیا میں بہتر گواہ بن سکتے ہیں یقین کریں دنیا بہت زیادہ تنقیدی ہے وہ باتوں کو نہیں بلکہ یسوع کو دیکھنا چاہتے ہیں۔ یاد رکھیں خدا کا قدرت والا کلام پتھر دل کو توڑ سکتا ہے۔ ایک مسیحی کی شخصی گواہی پُر اثر ہوتی ہے۔ خدا میرے اور آپکے حالات کو لیتا ہے اور اپنے جلال کی گواہی کے لیے استعمال کرتا ہے کلیسیاہ اور دنیا، دونوں ایسے لوگوں سے ملنے کی مشتاق ہے جو اپنے خداوند یسوع مسیح کو شخصی اعتبار سے جانتے ہوں۔ ابلیس بھی یہ دیکھنا چاہتا کہ خدا کے لوگ اُس پر بھروسہ کرتے ہیں یا نہیں۔ پھر سوال دنیا یا معاشرے کا نہیں خداوند یسوع مسیح خود سوال کرتے ہیں کہ جب ابن آدم آئے گا تو کیا زمین پر ایمان پائے گا؟ عزیز چھوٹا گلہ، میں آپ کے لیے دعا گو ہوں کہ آپ کے دل مسیح خداوند پر ایمان میں مضبوط رہیں اور حالات جیسے بھی ہوں مسیح کا نور ہماری زندگیوں میں سے ہو کر ہمارے اردگرد لوگوں کو منور کرتا رہے۔ اس لیے وفادار رہیں، قائم رہیں اور کوشش کرتے ہیں کہ خداوند اپنے خدا کو زیادہ جاننے کی کوشش کرتے رہیں اُس کی قربت میں رہنا سیکھیں، ہمیشہ اس بات میں شادر ہیں ہمارا خداوند یسوع مسیح ہمارے ساتھ اور جب وہ ساتھ ہے تو پھر حالات خواہ کیسے بھی ہوں ہم شکر گذار رہیں ہم تعابدار رہیں اور وفادار رہیں۔ خداوند آپ کو برکت دے،